Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

11 ستمبر 2023

- پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا اہم ترین اجلاس
- ملکی سیاسی صورتحال، ہندوستان میں جی 20 اجلاس اور ملک میں عام انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال
- پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کی جانب سے مالاکنڈ کے علاقہ بٹ خیلہ میں پرامن شہریوں پر پولیس کی فائرنگ کی شدید مذمت
- مہنگائی، بے روزگاری اور لاقانونیت کے خلاف پرامن احتجاج کے شرکاء کی گرفتاریاں بدترین ریاستی فسطائیت قرار
- جی 20 اجلاس کے بھارت میں انعقاد اور اجلاس کے اختتام پر جاری اعلامیے کے مندرجات کا مفصل جائزہ
- جی 20 اجلاس کا ہندوستان میں انعقاد، ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک کی اس میں شرکت اور اجلاس کا اعلامیہ پاکستان کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔
- معشیت اور سیاست کی طرح پاکستان عالمی سطح پر تیزی سے تنہائی کا شکار ہورہا ہے، پچھلے سترہ ماہ میں نہایت ناقص اور غیر موثر خارجہ حکمت عملی کے بھیانک نتائج پاکستان کی سفارتی تنہائی کی صورت میں وارد ہورہے ہیں۔
- عوامی مینڈیٹ کی حامل منتخب حکومت ہی خارجہ محاذ پر پاکستان کے مفادات کے تحفظ کے قابل ہوگی۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- اجلاس میں پاکستان کی معیشت کو خصوصی طور پر براہ راست بیرونی سرمایہ کاری کے ذریعے سہارا دینے کی حکومتی کوششوں کا بھی جائزہ
- انصاف، قانون کی حکمرانی اور سیاسی استحکام سے محروم کسی ملک کیلئے براہ راست بیرونی سرمایہ کاری کا تصور مضحکہ خیز اور نہایت احمقانہ ہے۔
- کسی بھی ملک میں سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کیلئے داخلی استحکام اور قانون کی حکمرانی بنیادی حیثیت کے حامل ہیں۔
- انتخابات کے خلافِ دستور التواء کے ذریعے داخلی ماحول میں کسی بہتری کی بجائے مزید ابتری کا سامان کیا جا رہا ہے۔
- یومِ وفات کے موقع پر بابائے قوم قائداعظم کے تصورِ پاکستان سے رجوع ملک کو بحرانوں سے نکالنے کی کلید ہے۔
- قائد اعظم کا فلسفہِ سیاست جمہوری اقدار، قانون کی غیر متزلزل حکمرانی اور ریاستی امور میں دستوری تقاضوں کے مکمل احترام سے عبارت ہے۔
- ریاست و حکومت پر مسلط عناصر اپنی ناقص فیصلہ سازی کے ذریعے ملک و قوم کو قائد کی اقدار سے دور دھکیل رہے ہیں۔
- عالمی سطح پر پاکستان کی تنہائی کو دور کرنے اور ملک میں پائیدار استحکام کیلئے دستور اور جمہوریت کی جانب بلاتاخیر واپسی ناگزیر ہے۔

Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

- ریاستی فیصلہ ساز انتخابات کو خلافِ دستور التواء میں ڈالنے کی تباہ کن کوششوں پر تسلسلسے اصرار کی بجائے فوری طور پر عوام کے ووٹ کا حق بحال کریں۔
- کور کمیٹی کی جانب سے جی بی اسمبلی کے حلقہ 13 استورون کے ضمنی انتخابات کے نتائج روکنے کی بھی شدید مذمت
- گلگت بلتستان الیکشن کمیشن سے عوام کے ووٹ کی بے حرمتی کی بجائے عوامی فیصلے کے احترام کا مطالبہ
- تحریک انصاف کے امیدوار خورشید خان کی کامیابی کے اعلان میں رکاوٹیں کھڑی کرنے کا سلسلہ فوری طور پر ترک کرتے ہوئے انتخابی نتائج کے بلا تاخیر اعلان کی ضرورت پر زور

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk